علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

سطح: انٹرمیڈیٹ	سمسٹر: خزاں 2009ء
پرچہ: مطالعہ پاکستان (304)	کل نمبر: 100
وقت: تین گھنٹے	کامیابی کے نمبر: 40

نوٹ:۔ پانچ سوال حل کریں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

سوال نمبر	سوالات	نمبرز
سوال نمبر۔1	(الف) ذیل میں دی گئی خالی جگہیں پُر کریں۔ ۱۔ آگرہ کا قلعہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ رنگ کے پتھر سے بنوایا گیا تھا۔ ۲۔ مغلوں کا فن تعمیر ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے دور میں اپنے عروج کو پہنچا۔ ۳۔ سندھی تحریک کے بانی ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ تھے۔ ۴۔ کسی کی تعریف میں کہی گئی نظم کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔ ۵۔ یادگار غالب ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی تصنیف ہے۔ ۶۔ اردو ادب کی ترقی کا آغاز ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کالج سے ہوا تھا۔ ۷۔ دو دریاؤں کے درمیانی علاقے کو ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کہتے ہیں۔ ۸۔ ربیع کی فصل موسم ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں بوئی جاتی ہے۔ ۹۔ قوالی عظیم موسیقار ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کی تخلیق ہے۔ ۱۰۔ سن ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ میں بنگال کے صوبے کو دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا۔ (ب) درج ذیل میں سے تین پر نوٹ تحریر کریں۔ ۱۔ مسئلہ فلسطین ۲۔ پاکستان میں قوت کے ذرائع ۳۔ شہری اور دیہی معاشرے کی خوبیاں اور خامیاں ۴۔ خطبہ الہ آباد اور اس کی تاریخی اہمیت ۵۔ تحریک جہاد	(10) (30)
سوال نمبر۔2	سرسید احمد خان کی تحریک علی گڑھ نے مسلمانوں کی سیاسی، سماجی اور تعلیمی حالات پر کس طرح کے اثرات مرتب کیے؟ تفصیلی تجزیہ کریں۔	(15)
سوال نمبر۔3	شیر شاہ سوری کے عہد حکومت کی خصوصیات اور اصلاحات کا تفصیلی جائزہ لیں۔	(15)
سوال نمبر۔4	1857ء کی جنگ آزادی پر مفصل نوٹ تحریر کریں۔	(15)
سوال نمبر۔5	آب وہوا اور موسم میں کیا فرق ہے نیز آب وہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل کی نشاندہی کریں۔	(15)
سوال نمبر۔6	پاکستان میں معاشرت کی کتنی قسمیں ہیں اور ان کی کیا خصوصیات ہیں؟	(15)
سوال نمبر۔7	پاکستان اور ہندوستان کے درمیان کشیدگی کی وجوہات پر تفصیلی نوٹ تحریر کریں۔	(15)
سوال نمبر۔8	پہاڑی اور صحرائی ماحول میں کیا فرق ہے؟ دونوں قسم کے ماحول انسانی زندگیوں پر کس طرح کے اثرات مرتب کرتے ہیں؟	(15)

****